غیر جانبدار تحقیقاتی کمیٹی قائم کرے تاکہ بروقت اس معاملہ کی صحیح صورتِ حال قوم کے سامنے آجائے۔ ورنہ خدانخواستہ یہ کشیدگی آگے زیادہ بڑھ سکتی ہے مجھے خطرہ ہے۔ پچھلے سال حکومت کی کوششوں سے دونوں مکاتبِ فکر کے لیڈروں کے درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا، اور اس معاہدے سے یہ دیرینہ کشیدگی اور فسادات ختم ہو کر صورت حال صحیح ہوسکتی تھی۔ لیکن اب جو نقشہ سامنے آیا ہے اس سے یہ خطرہ ہے کہ آئندہ اس معاہدہ کو بھی ملحوظ نہیں رکھا جائے گا اور دوبارہ وہی صورتِ حال پیدا ہو جائے گی جس پر اس معاہدے کے ذریعے کنٹرول کیا گیا تھا۔ اس لیے فوری طور پر ایک تحقیقاتی کمیٹی ہائیکورٹ کے ججوں کی نگرانی میں بنانی چاہیئے تاکہ اس کے بارے میں صحیح رپورٹ اور صورتِ حال قوم کے سامنے آسکے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پولیس پر زیادہ تشدد کیا گیا ہے اور پولیس بے بس رہی اور ایک طبقے کے تشدد کا نشانہ بنی رہی۔ حکومت اس سارے معاملے کا فوری نوٹس لے، اس طرح نہ ٹالے کہ یہ ایک صوبائی مسئلہ ہے، اس کی جڑیں سارے ملک میں پھیلی ہوئی ہیں کسی جگہ بھی یہ مسئلہ نظرانداز کر دیا گیا تو وہ آگ سارے ملک میں پھیل سکتی ہے۔

**مولانا سمیع الحق** اب بھی ہم یہ کہیں گے کہ خدارا چیمبر میں BILL نہ کریں، میں ان کی اس بات سے اتفاق نہیں کرتا ہوں۔ کوئی مسئلہ ہوتا ہے، ہم تو اسے اخلاص سے پیش کرتے ہیں کہ سامنے آجائے۔

موتمر المصنفین کی علمی تحقیقی و تاریخی پیشکش
دفاع امام ابو حنیفہ ؒ
پیش لفظ — جناب مولانا سمیع الحق مدیر الحق
تصنیف — مولانا عبدالقیوم حقانی رکن موتمر المصنفین و استاذ دارالعلوم حقانیہ
حضرت امام اعظم ابو حنیفہ ؒ کی
موتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (پشاور)